روحانی غسل
کے کرشمات
حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی مدظلہم

ان وظائف کے کارگر ہونے کی چند شرائط میں

☆ یقین کے ساتھ عمل کریں، شک عمل کو ضائع کر دیتا ہے۔

☆ توجہ کے ساتھ عمل کریں، بے توجہی سے پڑھی جانے والی دعائیں ہوا میں گم ہو جاتی ہیں۔

☆ رزق حلال کا اہتمام کریں، مالک راضی ہوگا تو کام بنے گا۔

☆ فرائض کا اہتمام کریں۔ جو لوگ نماز اور دیگر فرائض ادا نہیں کرتے ان کے

☆ اعمال بے اثر رہتے ہیں۔

☆ حرام کاموں سے بچیں، وہ کام جنہیں شریعت نے حرام قرار دیا ہے ان کا

☆ ارتقاب روحانیت کو نقصان پہنچاتا ہے تب عمل کارگر نہیں ہوتا۔

☆ الفاظ کی تصحیح کا اہتمام کریں، الفاظ غلط پڑھنے سے معنی بدل جاتے ہیں۔

☆ طہارت کا اہتمام کریں، خود بھی پاک صاف ہوں، لباس اور جگہ بھی پاک صاف رکھیں۔

☆ عاجزی اور آہ وزاری کے ساتھ عمل کریں۔

حال دل

اعمال سے حاصل ہونے والے نفعوں کے واقعات و مشاہدات اس لیے بتائے جاتے ہیں، تاکہ ہمیں اعمال سے ہونے کا یقین آجائے اور لوگوں سے اعمال کے نفعے معلوم کرنا اور ان کے مشاہدات معلوم کرنا اور دوسرے لوگوں کے سامنے ان واقعات و مشاہدات کا اظہار کروانا یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اولیاء کرام رحمہم اللہ سے منقول ہے۔

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ، فرماتے ہیں ایک مرتبہ جزیرہ عرب میں ایک چرواہا اپنی بکریاں چرارہا تھا کہ اچانک وہاں ایک بھیڑیا آ گیا اور اپنی پچھلی ٹانگوں پر بیٹھ گیا اور چرواہے سے کہنے لگا: کیا تو خدا سے نہیں ڈرتا...؟ کہ تو میرے

اور اس رزق یعنی (بکریوں) کے درمیان حائل ہو گیا ہے، جو اللہ نے میرے لئے عطا فرمایا تھا۔

بھیڑیے کی بات سن کر چرواہا بہت حیران ہوا اور سوچنے لگا کہ بھیڑیا تو مجھ سے انسانوں کی طرح بات کر رہا ہے اس پر اس بھیڑیے نے کہا: کیا میں تجھے اس سے بھی حیران کن اور عُمدہ بات بتاؤں..؟ کہ اللہ کے آخری نبی محمد ﷺ یثرب میں مبعوث ہو گئے ہیں اور لوگوں کو آسمان کی باتیں بتا رہے ہیں۔

آنحضرت ﷺ کے متعلق بھیڑیے کی یہ باتیں چرواہے کے دل میں گھر کر گئیں، اُس نے سرورِ کونین ﷺ کی خدمت حاضر ہونے کا پکا اِرادہ کر لیا اور بھیڑیے سے مخاطب ہو کر کہنے لگا: اگر میں جاتا ہوں تو ان بکریوں کی حفاظت کون کرے گا....؟ بھیڑیا کہنے لگا : جب تک تم واپس نہیں آجاتے میں ان کی حفاظت کروں گا۔ چرواہے نے سرورِ کونین ﷺ کی خدمت

میں حاضر ہو کر سارا واقعہ سنایا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ چرواہا سچ کہتا ہے ''قیامت اُس وقت نہیں آئے گی جب تک وحشی جانور انسانوں کے ساتھ بات نہ کرنے لگیں'' پھر سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو جمع ہونے کا حکم فرمایا اسکے بعد سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے چرواہے کو کہا کہ اپنا (محیّر العقول) واقعہ سب کے سامنے بیان کرو۔'' (خصوصیات اسمِ محمد، ملخصاً)

حیرت انگیز غیبی مدد کے اظہار کا صرف یہ ایک واقعہ ہی نہیں ہے بلکہ اس کے علاوہ بھی ایسے سینکڑوں واقعات تاریخ میں موجود ہیں۔

''اذان اور افحسبتم'' پر ادارہ عبقری کی ۱۹۴ صفحات کی کتاب کا پہلا ایڈیشن 5000 کی تعداد میں شائع ہوا اور ہاتھوں ہاتھ ایک مہینے کے اندر ہی ختم ہونے کے قریب ہو گیا عوام و خواص میں اس کتاب کو خوب پذیرائی حاصل ہوئی

لوگوں کے اس ذوق کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ بیتے سچے واقعات پر دوسری کاوش ''روحانی غسل کے کرشمات'' پر مشتمل مختصر کتابچہ آپکی خدمت میں پیش ہے اس کے علاوہ ''روحانی غسل'' پر ناقابل یقین، سچے، حیرت انگیز آپ بیتے واقعات ادارہ عبقری کی شائع کردہ کتب ''مجالسِ مجذوبی جلداول'' اور ''جلد ثانی'' میں ملاحظہ فرمائیں۔ ''روحانی غسل'' اولیائے کرام کا ایک ایسا مجرب شفا بخش نسخہ ہے جو یقیناً آپ کو چونکا کر حیرت میں ڈال دے گا اور آپ بلا اختیار یہ کہنے پر مجبور ہوجائیں گے کہ اب تک ہم اس ''روحانی غسل'' سے کیوں محروم وغافل رہے۔

خواستگار اخلاص وعمل

حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

78/3 مزنگ چونگی قرطبہ چوک جیل روڈ، لاہور

تحریر کا مقصد... اعمال کا یقین حاصل کرنا!

تحریر ''روحانی غسل کے کرشمات'' کی ٹوٹی پھوٹی سی محنت دراصل ان اعمال کو زندہ کرنے کی کوشش ہے۔ کہ ہمارے دلوں کے اندر ان اعمال کو زندہ کرنے کی ترتیب ہو۔ ہمیں کوئی بھی مشکل ہو...! کوئی بھی پریشانی ہو...! اور کوئی بھی اُلجھن ہو...! بس ہماری نظر اللہ پاک کی ذات عالی کی طرف جائے۔ اعمال پر پورا یقین ہو، اعمال پر نظر جانے کا اصل مقصد اللہ سے ہونے کا یقین ہے۔

کسی نے ''یاحفیظُ'' پڑھا تو اُس کی نظر اللہ پر گئی۔ اسی طرح کسی نے ''سورئہ کوثر'' پڑھی تو نظر اللہ پر گئی اور کسی نے نفل پڑھے تو نظر اللہ پر گئی۔ بچے کو جب بھی کوئی مشکل آتی ہے تو اس کی نظر ماں پر جاتی ہے۔ اسی لیے ہمیں بھی اگر کوئی

مشکل یا کوئی ضرورت پیش آئے تو ہماری نظر ستر ماؤں سے زیادہ مہربان رب العالمین ''اللہ'' پر جائے۔ اور ہماری نظر اللہ والے اعمال، حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم والے اعمال اور مقربین اولیاء کرام کے طریقے پر جائے۔ کوشش کریں...! اعمال پر زندگی لائیں اور اعمال کو یقین سے کیا کریں۔

اللہ پاک مجھے اور آپ کو اعمال سے پلنے اور اعمال سے بننے اور اعمال سے بچنے کا یقین عطا فرمائے۔

ٹھیک ہے ناں اللہ والو...! دنیا اپنے اپنے مقاصد اور منافع کے حصول کے لئے اخبارات اور رسائل کا وسیلہ اختیار کئے ہوئے ہے۔ ہمارے پیشِ نظر بھی ایک اہم مقصد ہے اور وہ ہے اشاعتِ اعمال، ۔الحمدللہ! مجھے اس بات سے اطمینان اور خوشی ہے کہ جو کتاب ''روحانی غسل'' کے کرشمات'' کے نام سے شائع کی جارہی ہے اس میں تسبیح

خانے کے دو پیغامات یعنی (اعمال کے ذریعے پلنے، اعمال کے ذریعے بننے اور اعمال کے ذریعے بچنے کا یقین دل میں ہو) اور (جو میرا ہے وہ تیرا ہے...! اور جو تیرا ہے وہ پورے عالم کا ہے) کو عام کیا جا رہا ہے۔

ان شاء اللہ اس میں قارئین کے لئے منافعِ دین و دنیا کے نہایت سہل زبان میں مفید اور سبق آموز مشاہدات پیش کئے گئے ہیں۔ اللہ پاک ہماری اس سعی کو قبول فرماتے ہوئے مخلوق میں اس کتاب کو عام فرمائے۔ (آمین)

بندہ: حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی عفی اللہ عنہ

روحانی غسل کے ذاتی مشاہدات

اللہ پاک جل شانہ نے اس سارے نظام کو اپنے نام کی برکت سے ہی چین دیا ہے اور سارے عالم کو اگر چین ملے گا تو اسی تیرے اور میرے رب کے نام کی برکت سے ملے گا۔اسی لیے قرآن کہتا ہے:

"اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ"

(خبردار!۔سُنو!سنو!۔آگاہ ہوجاؤ!۔اگر دلوں کا چین چاہتے ہوتو وہ صرف اللہ جل شانہ کی یاد میں ہے)

اور اللہ کی یاد کا تعلق ان اعمال میں ہے، جو آپ کر رہے ہیں۔یہ "دوانمول خزانے" کا عمل، "سورہ کوثر" کا عمل، اسی "افحسبتم اور اذان" والا عمل، "سورۂ فاتحہ" والا عمل اور اس کتاب میں ذکر کیا جانے والا "روحانی غسل" ان سب اعمال کا

تعلق اللہ تعالیٰ کی یاد ہی سے تو ہے اور ہاں یاد رہے...! اعمال کو یقین کے ساتھ کرنا ہے، بے یقینی کے ساتھ نہیں کرنا۔ اور یاد رکھیں! جتنا یقین کے ساتھ کریں گے اتنا اس کی تاثیر....! اور اتنے اس کے نفعے اور فائدے ہمیں زیادہ حاصل ہوں گے۔

گھریلو بے سکونی سے چھٹکارا

ایک صاحب مجھ سے کہنے لگے: ہمارے گھر میں عجیب بے سکونی کا عالم تھا گھر میں ابا جی جب بھی آتے تھے اور آتے ہی گالیاں اور مار کٹائی شروع کر دیتے تھے۔ ایک دفعہ ہماری ایک پڑوسن ہمارے گھر میں بیٹھی تھی، اس کے سامنے جب میرے والد نے یہ سب کیا۔ تو اس عورت نے کہا کہ: تم ایسا کرو...! کہ اپنے والد کو حکیم صاحب کا بتایا ہوا "روحانی غسل" کروا دو۔ میں نے اس عورت سے کہا کہ میرے والد تو

نماز بھی نہیں پڑھتے میں انہیں ''روحانی غسل'' کیسے کراؤں...؟

عورت نے کہا: جب یہ نہانے جاتے ہیں تو ان کی طرف سے آپ پڑھنا شروع کردیں۔ اس عورت کے کہنے کی وجہ سے ہم نے اپنے والد محترم کے لیے ایسا ہی کیا...! کرتے رہے... کرتے رہے... کچھ دنوں کے بعد ہمارے گھر سے بے چینی ختم ہوگئی اور گھر میں سکون آگیا۔

ہمیں یاد بھی نہ رہا کہ ہم نے ایسا کیا کیا تھا.....؟ پھر بعد میں یاد آیا کہ اوہو.......! ہم نے تو ابا جی کی نیت کرکے ''روحانی غسل'' کیا تھا۔ اور جب ابا جی غسل کرتے ہم تو ان کی طرف سے ''روحانی غسل'' والا عمل کرتے تھے۔ اب ابا جی کی زبان سے بھی، نظروں سے بھی اور ہاتھوں سے بھی، ہر چیز سے دوسرے مومن محفوظ ہوگئے ہیں۔ ''سبحان اللہ..''

روحانی غسل ہر روگ کا علاج

"روحانی غسل" کتنا طاقت ور عمل ہے.....؟ اس کا اندازہ آپ کو اس کتاب میں ذکر کیے جانے والے مشاہدات سے ہو جائے گا۔اس کے فائدوں میں انیگزائٹی، ٹینشن، ڈیپریشن، اسٹریس، ذہنی الجھنیں، گھریلو جھگڑے دکھ، ہر قسم کے درد، تکالیف اور لاعلاج، طویل العلاج بیماریاں حتٰی کہ کینسر جیسے لاعلاج مرض سے نجات مل جاتی ہے اور اس کے علاوہ وسوسے ،گندے خیالات بُری عادات، بُری صحبتیں، چڑچڑا پن، بے ہودہ باتیں، گالیاں اور والدین کی نافرمانی جیسے پریشان کر دینے والے مسائل اور مایوس کر دینے والی بیماریاں بس ایسے چند لمحوں میں ختم ہو جاتی ہیں، جس کا اندازہ آپ کر ہی نہیں سکتے۔

ڈینگی بخار کے جتنے بھی مریض ہیں، ان کو "روحانی غسل" بتایا، انہوں نے عمل کیا اور ٹھیک ہو گئے۔ میرے اپنے

دفتر عبقری کے چار پانچ جوان ڈینگی بخار میں مبتلاء ہو گئے۔ میں نے کہا: ہر ایک گھنٹے کے بعد ''روحانی غسل'' کرو اس تصور کے ساتھ کہ میرا سارا بخار پانی سے دھل گیا ہے اور صرف چند دفعہ کے عمل سے وہ بالکل ٹھیک ہو گئے۔

''روحانی غسل'' بے شمار فائدے دیتا ہے۔ کئی لوگوں کو اسٹول بیگ لگے ہوئے تھے، پاخانے کے بیگ لگے ہوئے تھے، ''روحانی غسل'' سے وہ ختم ہوئے۔

ہمارے ایک کیپٹن صاحب بتا رہے تھے کہ ان کے رشتہ داروں میں ایک خاتون پانچ سال سے پاگل تھی۔ وہ خاتون پاگل خانے سے دوائیاں گولیاں کھاتی تھی۔ ''روحانی غسل'' کیا پاگل پن ختم ہو گیا۔ ''روحانی غسل'' سے کتنے ہی ہزاروں مریض ٹھیک ہو گئے۔

کینسر کا علاج

بے شمار لوگوں نے ہمیں ''روحانی غسل'' کا بتایا کہ

''روحانی غسل'' سے کینسر ٹھیک ہو گیا۔معدے کے السر، دل کی بیماریاں، دل کے بند والو کھل گئے۔ جوڑوں کے مریض ٹھیک ہو گئے۔جن کے ہاتھ میں اسٹک (لاٹھیاں) تھیں وہ ٹھیک ہو گئے،تو ....کیا یہ چھوٹے سے مچھر کا روگ ٹھیک نہیں ہو سکتا ....؟اگرنہیں ہورہاتو تیرے یقین کی کمی ہے۔

سخت جان کیڑے کا خاتمہ

میں نے ایک صاحب (جن کی زرعی ادویات کا بہت بڑا کام ہے) سے کہا: ''آپ کا کام توزوال کی طرف جارہاہے آپ نے کوئی متبادل (Alternative) تلاش کیا...؟'' کہنے لگے: ''جی ہاں...! میں اس کا کوئی متبادل کام تلاش کر رہا ہوں۔'' میں نے پوچھا: ''آپ کی نظر میں ادویاتِ زراعت کے زوال پذیر ہونے کی کیا وجہ ہے؟''

کہنے لگے: ''اس کی وجہ یہ ہے کہ کیڑے اتنے سخت جان

ہو گئے ہیں کہ ان پر ہماری دوائیں اثر نہیں کرتیں۔‘‘

میں نے کہا: یہ وہی حال تو نہیں ہے....؟ جیسا اس قوم کا تھا جنھوں نے ڈیم بنائے تھے اور اس ڈیم پر اللہ جل شانہ نے چوہے بھیجے تھے۔ یمن اور صنعاء میں کچھ لوگ رہتے تھے، جن کی قوم کو ’’قوم صباء‘‘ کہا جاتا تھا۔ ان کے بڑے بڑے لاجواب قسم کے باغات تھے۔ انہوں نے اپنے باغات کی بقاء کے لئے بڑے بڑے ڈیم بنائے۔ ان کے باغات ایسے سرسبز وشاداب ہوتے تھے کہ اگر ایک بندہ ٹوکرا سر پر لے کر نکلتا تو ایک کونے سے دوسرے کونے تک پہنچنے پر ٹوکرا پھلوں سے بھر جاتا تھا اتنے پھل اوپر سے گرتے تھے۔ قوم صباء اپنی ٹیکنالوجی اور سائنس پر بہت ناز کرتی تھی۔ اور اس سب کو وہ اپنی عقل سے تولا کرتے تھے۔ اللہ پر ایمان نہیں تھا۔ پھر اللہ پاک نے کیا کیا...؟

پھر اللہ نے ان کے ڈیموں اور ان کی سائنس کو ناکام ثابت کرنے کے لئے ان پر چوہے چھوڑے اور قوم صباء نے

چوہوں کے خاتمہ کے لئے بلیاں چھوڑ دیں۔

وہ چوہے اتنے طاقتور ہو گئے کہ وہ خود بلیوں کو کھا گئے۔ قوم صباء کے لوگ پریشان ہو گئے کہ یہ کیا ہوا ہماری تو بلیاں ہی ڈر کے بھاگ گئیں۔ اللہ پاک نے چوہے اتنے بڑے کر دیئے۔

میرے دوستو! یہ جو آج کل اللہ نے ڈینگی کے نام سے مچھر بھیجا ہے، ذرا غور کریں ...! یہ سب کیا ہے...؟ میں ساری مثالیں اکٹھی کر کے آپ کو ان کا تقابل بیان کر رہا ہوں۔ آپ کے سامنے اس کا موازنہ کر رہا ہوں۔ یہ قرآن پاک نے جو پچھلی قوموں کے واقعے بیان کیے ہیں۔ ہم وہی کہانیاں ساری آج دہرا رہے ہیں۔

زرعی ادویات جو ہیں وہ تو ساری ناکام ہو گئیں کیڑا اپھر

بھی نہ مر سکا، سنڈیاں پھر بھی نہ مر سکیں، تواب ہم وہیں پلٹ آنے کا اگر پروگرام بنا رہے ہیں اور محکمہ زراعت نے دیواروں پر لکھنا شروع کر دیا ہے کہ اپنی فصلوں پر سورۂ واقعہ سورۂ یٰسں کا اسپرے کریں یہ اللہ کی طرف رجوع ہی ہے نا....! سورۂ یٰسں اور سورۂ واقعہ سے مراد اللہ کی ذات کی طرف رجوع ہے تو ہم پہلے کیوں نہیں پلٹ آتے....؟ اللہ کرے ہم اس پر پلٹ آئیں۔ میں اسباب کے طور پر علاج سے منع نہیں کر رہا، علاج کو سنت سمجھ کے کریں دوا کو سنت سمجھ کے کھالیں۔

پہلی نظر اللہ پر جائے...!

بیماری کے آتے ہی، پریشانی کے آتے ہی ہماری پہلی نظر اللہ پر جائے۔ دوسرا درجہ صدقے کا ہوتا ہے، صدقہ اللہ پاک کے غصے کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔ تیسرا درجہ مسنون اعمال کا ہے پھر ہماری نظر قرآن سنت کے مطابق جو اعمال ہیں ان کی

طرف جائے۔

چوتھی چیز شہد ہے ،شہد چاٹیں یا پانی میں گھول کر پئیں۔ پانچویں چیز کلونجی ہے۔ کلونجی کو باریک پیس لیں یا اس کے چند دانے کھالیں۔

حدیث کے الفاظ کا مفہوم ہے: کہ" کلونجی موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج ہے"

چھٹی چیز غسل ہے۔ سقراط کہتا ہے یہ جو میت کو غسل دیا جاتا ہے میں حیران ہوں یہ میت اٹھ کے کیوں نہیں بیٹھ جاتی۔

ساتواں درجہ دواء کا ہے اور ہم نے دوا کو درجہ پہلا دے رکھا ہے جبکہ ساتواں درجہ ہے دوا کا۔ یہ ہیں درجات علاج کے.....!

روگ مچھر کا نہیں

آج روگ مچھر کا نہیں، ہمیں بے یقینی اور بے ایمانی کا

روگ لگا ہے کہ اگر کوئی بلا اور وبا اور پریشانی آئی تو ہماری نظر اللہ کی ذات کی طرف نہیں اٹھی، نہ صدقے کی طرف، نہ خیرات کی طرف، نہ اعمال کی طرف، نہ ذکر کی طرف، نہ تسبیحات کی طرف، نہ توبہ کی طرف۔ فرمایا: ''اس امت کی پہلی درستگی یقین سے ہوئی اور اس کا بگاڑ بخل اور دنیا کی آرزوں سے ہوگا۔''

سب سے پہلے تو ہماری نظر توبہ کی طرف جائے کہ اللہ تو ناراض ہے، تیرے فیصلے ناراضگی والے آ رہے ہیں۔ بس تو معاف کر دے اللہ! میں پوری امت کی طرف سے توبہ کرتا ہوں۔ اللہ! میں اپنی ذات کی اور اپنے گھر کی طرف سے توبہ کرتا ہوں۔ اللہ! میں تو ان لوگوں کی طرف سے توبہ کرتا ہوں جو تجھے نہیں مانتے، اللہ! میں یہودیوں کی طرف سے، عیسائیوں کی طرف سے، کافروں کی طرف سے، ہندوں کی طرف سے

سکھوں کی طرف سے توبہ کرتا ہوں، بس تو مان جا، مہربانی کر اللہ! تو اپنی رحمت اپنی عطاؤں کے فیصلے کر دے، تو مغفرت اور شفاء اور عافیت کے فیصلے فرما دے۔

تسکین بھی اور حفاظت بھی

غسل تو آپ ویسے بھی کرتے ہی ہیں، "**روحانی غسل**" کر لیں۔ بعض لوگ صبح وشام کرتے ہیں، بعض دن میں ایک دفعہ کرتے ہیں بس...! یہ عمل شروع کر دیں کہ "اے اللہ اس کے ذریعے سے میں تحفظ چاہتا ہوں، تیری پناہ میں آنا چاہتا ہوں" اس عمل سے اس کا تحفظ ہو جائے گا وہ جو دعا میں نے بتائی ہے، بیت الخلاء والی یہ حفاظت کیلئے بہترین ہے۔ یہ ایسا طاقتور عمل ہے کہ آپ گمان نہیں کر سکتے، اس کو کریں یقین جانیے! یہ "**روحانی غسل**" یہ سات دفعہ آیات "سورۃ المومنون اور اذان" والا عمل کرنے سے چند دنوں کے اندر بندے ہرے بھرے ہو جاتے ہیں۔

ہمارے روگوں کا علاج صدیوں پہلے طے ہو چکا تھا۔

ہماری نظر اُس طرف اٹھے جہاں سے روگ آیا ہے۔ اب نظروں کا علاج کرنا ہے اور وہ دل کی نظروں کا علاج کرنا ہے، چہرے کی نظروں کا علاج نہیں کرنا۔

ہاں دکھا دے اے تصور پھر وہ صبح وشام تو
دوڑ پیچھے کی طرف اے گردش ایّام تو

رب پر یقین بچوں سے سیکھیں

آج صبح چھوٹی سی بال لے کر میرا بچہ میری منتیں کر رہا تھا۔ بابا اس بال پر میں نے ٹیپ چڑھانا ہے کالے رنگ کا۔ اب میرے پیچھے پیچھے کہ بابا میں نے ٹیپ لینا ہے، بال پر ٹیپ چڑھانا ہے مجھے ٹیپ تو لے دیں...! میں اس کی باتیں سن رہا تھا اور سوچ رہا تھا کہ اس کو اِدھر اُدھر کوئی نظر نہیں آ رہا، صرف

میں ہی نظر آ رہا ہوں.....!! مگر مجھے اِدھر اُدھر کوئی کیوں نظر آتا ہے.....؟ میرے علاوہ یہاں اور ساتھی بھی ہیں، خدمت کرنے والے مخلص لوگ ہیں.....! یہ بچہ ان سے کیوں نہیں کہہ رہا...؟ اس کو صرف اس کا باپ ہی کیوں نظر آ رہا...؟ کیونکہ اسے یقین ہے کہ یہی میری ضرورتیں پوری کرے گا۔ مگر اس کے باپ کو اللہ نظر کیوں نہیں آ رہا....؟ کہ میری ضرورتیں صرف میرا اللہ پوری کرے گا۔

آپ یقین جانیے.... صبح سے وہ گیند میرے اندر گھوم رہی ہے کہ اس بچے کی نظر گیند پر ٹیپ چڑھانے کیلئے اپنے والد پر گئی، مگر جب والد کو ضرورت پڑی کسی چیز کی تو کیا والد کی نظر اللہ پر گئی....؟ تو آج معاملہ نظروں کا ہے، ہماری نظروں نے دھوکہ کھایا ہے، ہماری عقلوں نے دھوکہ کھایا ہے۔

اسباب اختیار کرنے سے انکار نہیں

یہ بول کہ ''بابا ٹیپ لے دیں میں نے بال پر لپیٹنا ہے''۔ یہ پیغام ہے ہمارے لئے ...! کہ ہماری زندگی کے ہر مسئلے میں ہماری نظر اللہ کی ذات کی طرف اٹھے۔ اسباب کو اختیار اگر کر رہے ہیں ...! پھر عرض کر رہا ہوں: اس کو سنت سمجھ کے اختیار کریں، حکم سمجھ کے اختیار کریں، دوا کو استعمال کریں تو اس کو سنت سمجھ کے، حکم سمجھ کے اختیار کریں لیکن ہماری نظریں مسبب الاسباب اللہ جل شانہ کی ذات عالی پر آ کے ٹِک جائیں۔ اللہ مجھے بھی سمجھا دے، اللہ آپ کو بھی سمجھا دے، اللہ ساری امت کو سمجھا دے۔ اللہ سارے عالم کو سمجھا دے، پھر دواؤں میں تاثیر آ جائے گی، پھر اللہ کا امر آ جائے گا، پھر دواؤں کے بغیر ہی اللہ ٹھیک کر دے گا۔

آخری پیغام

میں آپ کو بھی یہ دعوت ہوں کہ ''روحانی غسل'' کے بارے میں لوگوں کو بتائیں اور ان کو اللہ کی ذات کی طرف لائیں اور سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان اس عمل کو بار بار کریں۔ مریض نہیں کر سکتا تو اس کی طرف سے گھر کا کوئی فرد کرے، اور صدقہ دیں۔ میں تو آپ سے عرض کر رہا ہوں کہ یہ اعمال ہیں، ہم ان اعمال کے ذریعے سے اللہ پاک جل شانہ کی ذات کو اپنی طرف متوجہ کریں، انشاء اللہ! ضرور اللہ پاک جل شانہ ہمارے مسائل کو حل فرمائیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

آخری چھ سورتوں کے فضائل

سورۃ الکافرون

﴿۱﴾ سورۃ الکافرون (قل یاایھاالکافرون) یہ چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔ (طبرانی)

سورۃ الکافرون کی اہمیت و خصوصیت کا اندازہ لگانے کیلئے یہی ہی کافی ہے کہ صحیح احادیث میں اس کا ذکر ایسی سورتوں میں آیا ہے جن کی تلاوت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کثرت سے فرماتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنھم سے فرمایا کہ رات کو سوتے وقت اگر یہ سورۃ پڑھ کر سو جاؤ تو شرک سے بری قرار پاؤ گے۔

ابنِ کثیر رحمہ اللہ نے تحریر کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معمول تھا کہ رات سونے سے قبل آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سورۃ

مبارکہ کی تلاوت کیا کرتے تھے (ابن کثیر، مسند احمد)

سورۃ النصر

﴿۲﴾ سورۃ النصر "اذاجاء نصر اللہ والفتح" چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔ (شعب الایمان)

فائدہ: سورۃ النصر کثرت سے پڑھنے کا معمول بنانے سے گناہ کبیرہ اور صغیرہ معاف ہو جاتے اور عبادتِ الٰہی کی طرف رغبت اور شوق پیدا ہوتا ہے۔

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس سورت کے نزول کے بعد رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے عبادت میں بڑا مجاہدہ فرمایا یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاؤں مبارک پر ورم آ گیا (قرطبی)

سورۃ الھب

﴿۳﴾ سورۃ الھب (تبت یدا ابی لھب) یہ دشمنانِ دین کے مکر وفریب سے بچنے کے لیے بہت مؤثر ہے، اس کو

پڑھ کر دشمن کے سامنے جائیں تو وہ ہرگز نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

سورۃ الاخلاص

﴿۴﴾ ایک صحابی رضی اللہ عنہ کو سورۃ الاخلاص سے بہت محبت تھی وہ نماز کی ہر رکعت میں یہی سورۃ پڑھا کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سورت کی محبت تمھیں جنت میں لے جائے گی۔

☆ جس نے دس بار "قل ھو اللہ احد" پڑھ لی اللہ اس کیلئے جنت میں ایک گھر بنائیں گے۔ (مسند احمد)

☆ جس نے گھر میں داخل ہوتے وقت "قل ھو اللہ احد" پڑھ لی اس کے گھر اور اس کے ہمسایوں کے ہاں سے فقر و افلاس اٹھ جائے گا۔ (طبرانی)

سورۃ الفلق والناس

﴿۵، ۶﴾ حضرت سیدنا عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہا تھا کہ ہمیں شدید آندھی اور تاریکی نے گھیر لیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ''قل اعوذ برب الفلق'' اور'' قل اعوذ برب الناس'' کے ذریعے پناہ مانگنا شروع کی اور مجھ سے فرمایا: اے عقبہ ان دونوں کے ذریعے پناہ مانگا کرو کسی پناہ چاہنے والے نے اس کی مثل کسی چیز کے وسیلہ سے پناہ نہیں مانگی'' (ابوداؤد)

☆ دو سورتوں کی کثرت کیا کرو' اللہ تعالیٰ تمہیں آخرت میں بلند درجات تک پہنچا دے گا وہ معوذتین ہیں۔ جو قبر کو روشن کرتی ہیں اور شیطان کو بھگاتی ہیں۔ نیکیوں اور درجات میں اضافہ کراتی ہیں۔ اپنے پڑھنے والے کو جنت کا راستہ دکھلاتی ہیں۔ (الدیلمی)

بیت الخلاء کی دعا کی اہمیت

بیت الخلاء جانا ہماری مجبوری ہے اگر اس مجبوری پر عمل کرتے وقت سنت پر عمل کرلیا تو اس پر اللہ پاک بھی راضی ہو گئے اور ہماری حاجت بھی پوری ہو گئی اور سو شہیدوں کا ثواب بھی مل گیا۔ بیت الخلاء اور واش روم کا ہماری زندگی پر نہایت ہی گہرا اثر ہے اکثر روحانی وجسمانی امراض ان بیت الخلاؤں اور واش روموں سے لگتے ہیں۔ پاگل پن کے روگ، خشوع وخضوع کی کمی، گناہوں کی طرف مائل ہونا، اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر عروج اور ہر وقت اس نافرمانی کی طرف دھیان رہنا، اور آپ حیران ہونگے کہ ان مقامات سے لگنے والے روگ صرف روحانی ہی نہیں بلکہ جسمانی بھی ہوتے ہیں حتی کہ سب سے موذی مرض کینسر بھی بیت الخلاء اور واش روم ہی سے لگتا ہے۔ اللہ معاف کرے جن کو وساوس کی بیماری لگ جائے ان

سے پوچھیں یہ کتنا سنگین مرض ہے اور یہ وساوس بھی بیت الخلاء ہی سے لگتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ بیت الخلاء میں شیاطین ہوتے ہیں اور جب بندہ اندر جاتا ہے تو رحمت کے اور حفاظت کے فرشتے باہر رہ جاتے ہیں اگر اس شخص نے بیت الخلاء کی دعا پڑھی ہے تو شیاطین اور بندے کے درمیان پردے حائل ہو جاتے ہیں اور اگر دعا پڑھے بغیر داخل ہو گیا تو اس کے اور شیاطین کے درمیان پردے حائل نہیں ہوتے اور وہ اس کی شرم گاہوں سے کھیلتے ہیں اور اس بندے میں خواہشِ گناہ پیدا ہوتی ہے اور وہ زنا، گناہ، فسق و فجور میں مبتلاء ہو جاتا ہے۔

اگر آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس بیان کردہ دعا کے نکتے کو سمجھیں تو حفاظت ہی حفاظت ہے اگر آپ اس دعا کو دیکھیں: "

بِسْمِ اللّٰہِ "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ" اے اللہ میں تجھ سے پناہ چاہتا ہوں مذکر و مونث

جنات سے، شیطان مذکر اور شیطان مونث سے"۔

اب بندے نے اپنے آپ کو اللہ کے سپرد کر دیا۔ آپ یقین جانیے کہ 90 فیصد روحانی بیماریاں اور 50 فیصد جسمانی بیماریاں کا تعلق بیت الخلاء سے ہے، آپ اس دعا کی بدولت ان سب سے محفوظ ہو جائیں گے۔

☆☆☆☆☆☆

پھوڑے، پھنسی اور زخم دور کرنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ تربَۃُ اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا یُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا (ابو داؤد)

جس شخص کے پھوڑے، پھنسی یا زخم ہو اسکا علاج اسطرح کرے کہ اپنی شہادت کی انگلی زمین پر رکھ کر یہ دعا پڑھتے ہوئے اٹھائے اور مریض یا زخمی کے بدن پر تکلیف کی جگ لگاتا جائے یا تکلیف کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے اور پھر اٹھالے اس طرح چند مرتبہ یہ عمل کرے۔

لوگوں کے موصول شدہ مشاہدات

بچی کی عجیب وغریب حرکتیں

میری بیٹی قرآن پاک حفظ کر رہی ہے۔ لیکن اسے پتہ نہیں کیا ہو گیا تھا کہ وہ عجیب وغریب حرکتیں کرتی رہتی اور ہر وقت شرارتیں کرتی رہتی تھی۔ میری اہلیہ بھی اس کی وجہ سے اتنا پریشان رہتی کہ اکثر رو پڑتی اور کہتی کہ ہم اس پر اتنی محنت بھی کر رہے ہیں اور یہ پڑھ بھی نہیں رہی۔ اس کا کیا بنے گا...؟ اس کے مدرسے والوں سے بات کی انہوں نے بھی یہی رپورٹ دی کہ یہ ہر وقت شرارتیں اور عجیب وغریب حرکتیں کرتی ہے اور پڑھائی میں بالکل توجہ نہیں دیتی۔

ایک دن میں نے اپنی اہلیہ سے کہا کہ اسے ''روحانی غسل'' کرواؤ۔ اس کی برکت سے اللہ پاک فضل فرمائے گا

تو جیسے ہی اس نے ''روحانی غسل'' کیا اس دن سے ماشاء اللہ وہ بالکل ٹھیک ہوگئی ہے۔ آج 15 دن ہو گئے ہیں اب وہ سبق بھی پہلے سے زیادہ یاد کرلیتی ہے اور اس کی منزل بھی اسے پختہ یاد ہے۔ **(محمد صادق صاحب)**

ڈینگی بخار کا علاج

میرا ایک دوست بیوپاری ہے اسے ڈینگی بخار ہوگیا۔ وہ کافی پریشان تھا اور بہت کمزور ہو گیا تھا۔ کہتا ہے میں نے ''CBC'' ٹیسٹ بھی کروائے ہیں، ڈاکٹر کہتے ہیں دوائیاں کھاؤ، جوس پیو اور Rest کرو۔ میں نے اسے کہا کہ سب دوائیاں چھوڑ کے تم صرف **''روحانی غسل''** کرو....! اور جاتے جاتے آخری چھ سورتیں پڑھتے ہوئے جاؤ اور گھر جا کر بار بار ''روحانی غسل'' کرو۔ وہ بتانے لگا کہ جب میں یہاں سے گیا تھا تو مجھ سے ایک قدم بھی نہیں اٹھایا جا رہا تھا اور تھکاوٹ اور

کمزوری کی وجہ سے میرا برا حال تھا لیکن گھر جا کر میں جونہی ''روحانی غسل'' کر کے نکلا ہوں، میری کیفیت ہی بدل گئی۔ اور صرف دو دن میں بغیر دوائی کے میں بالکل صحت یاب ہو گیا۔

جادو جنات ختم

میں شورکوٹ میں ملازمت کرتا ہوں اور میں نیٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے آپ دامت برکاتہم کے درس سنا کرتا تھا تو میں نے ایک دن ایک درس میں ''روحانی غسل'' کا سنا تھا۔ میری اہلیہ کے ساتھ جادو، جنات کا مسئلہ تھا تو میں نے اسے بھی طریقہ سکھایا اور کہا کہ تم بھی ''روحانی غسل'' کرو اور میں بھی تمہاری نیت سے کرتا ہوں۔ اسے اکثر ہی دباؤ سا محسوس ہوتا رہتا تھا اللہ کا فضل ہوا کہ ''روحانی غسل'' کی برکت سے اس دباؤ میں کمی آ گئی۔ ایک دن میں نے نہ کیا اور اسی دن اسے وہی مسئلہ پھر شروع ہو گیا پھر دوبارہ میں نے بھی غسل کیا اور اس نے

بھی...! اور فوراً دباؤ ختم ہو گیا۔ اس کے بعد۔ سے الحمدللہ! آرام ہے۔ (محمد عمر، شورکوٹ)

ٹینشن ڈیپریشن کا علاج

پچھلے دنوں میرے پاس ایک کسٹمر آیا ان کے چہرے ہی سے پریشانی کے آثار ظاہر تھے۔ میں نے پوچھا: چودھری صاحب! کیا بات ہے..؟ کہنے لگے کہ ہمارے پورے خاندان میں ڈیپریشن کا مسئلہ ہے اور سمجھ نہیں آرہی کہ کیا کریں....!؟ وہ لاہور کے کسی اسپیشلسٹ سے کافی عرصہ علاج بھی کرواتے رہے لیکن کوئی فرق نہیں پڑا۔ میں نے انہیں ''روحانی غسل'' کا طریقہ بتایا اور کہا: چودھری صاحب! آپ یہ غسل کریں۔ انشاء اللہ! آپ کو بہت فائدہ ہو گا۔ پھر کچھ دن بعد میں نے انہیں فون کیا اور پوچھا: اب کیسی طبیعت ہے...؟ وہ بہت خوشی سے بتانے لگے کہ پہلے سے بہت فرق ہے۔ میں نے کہا: آپ

مستقل کرتے رہیں، ان شاء اللہ! آپ کو دوائیوں کی بجائے اس ''روحانی غسل'' سے اللہ پاک شفاء عطا فرمائیں گے۔

14 سالہ گائنی کا مسئلہ ختم

ہمارے محلے میں ایک خاتون ہیں جنہیں پچھلے 14/13 سال سے گائنی کی پرابلم تھی۔ وہ مہینے میں اکیس دن دوائی استعمال کرتی تھیں۔ انہوں نے میری اہلیہ سے اس بات کا ذکر کیا تو میری بیوی نے انہیں ''روحانی غسل'' کا مکمل طریقہ سکھایا اور تاکید کی کہ وہ ''روحانی غسل'' ضرور کریں۔ ان کی دوائیوں پر باقاعدہ لکھا ہوتا تھا کہ اتوار کو یہ دوائی لینی ہے، پیر کو یہ دوائی لینی ہے...!۔ چند دن پہلے ان کا فون آیا کہ اللہ پاک نے میرا 14/13 سال پرانا مسئلہ ختم کر دیا ہے اور ''روحانی غسل'' کی برکت سے ہی مجھے اس مہینے دوائی کھانے کی ضرورت ہی نہیں پڑی۔ **(راشد خلیل صاحب)**

نانا کا ڈینگی ختم

میرے نانا کو ڈینگی بخار ہو گیا۔ ہم نے انہیں ''روحانی غسل'' کرایا بھی اور سب نے انہیں ''روحانی غسل'' ہدیہ بھی کیا وہ ٹھیک ہو گئے ۔(علی حسن، لاہور)

طبیعت ٹھیک ہوگئی....!

جب سے خاوند کی فضیلت کے بارے میں یہ چند احادیث پڑھی ہیں اس وقت سے خاوند کے ساتھ خیر خواہی کا جذبہ بہت زیادہ بڑھ گیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صاف فرمایا کہ اگر خدا کے علاوہ کسی کو سجدے کا حکم ہوتا تو وہ خاوند کے بارے میں دیا جاتا کہ بیویاں اپنے شوہروں کو سجدہ کریں۔

جس عورت کو موت ایسی حالت میں آئے کہ اس کا شوہر اس سے راضی ہو تو وہ عورت جنتی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا سب سے اچھی عورت کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ عورت جس کا خاوند اس کی

طرف دیکھے تو وہ اسے خوش کردے اور اس کا کہا مانے اور اپنی کسی چیز میں اس کے خلاف نہ کرے جو اسے ناگوار ہو۔

تین قسم کے لوگ ہیں جن کا نماز اور روزہ اور کوئی عبادت قبول نہیں ہوتی ان میں سے ایک وہ عورت بھی ہے جس سے اس کا خاوند ناراض ہو۔

جب سے میں نے یہ احادیث پڑھی ہیں اس وقت سے میاں کی خدمت کرنے کا جذبہ بہت زیادہ بڑھ گیا ہے اور اس وقت سے یہ حدیثیں مجھے یاد بھی ہیں۔ بہرحال ایک مرتبہ میرے میاں کی طبیعت کافی خراب تھی مجھے یہ لگ رہا تھا کہ طبیعت ان کی نہیں بلکہ میری خراب ہے میں نے ان کے لئے **''روحانی غسل''** نہایت ہی توجہ اور دھیان سے کیا ان کی طبیعت جو تقریباً ایک ماہ سے خراب تھی اور کسی طرح ٹھیک نہیں ہو رہی تھی، چار دنوں میں ٹھیک ہوگئی۔ سب گھر والے حیران رہ گئے۔

(اہلیہ علی خان، لاہور)

لیکوریا کا مسئلہ حل

درس میں ''روحانی غسل'' کا سنا، پھر جب آزمایا تو ''روحانی غسل'' سے لیکوریا کا مسئلہ تھا اللہ کا شکر ہے بہت فرق پڑا ہے۔ ٹی وی دیکھنا تو تقریباً چھوڑ ہی دیا ہے، ڈائجسٹ پڑھنے کی بیماری تھی، شکر ہے اس کریم رب کا یہ عادتیں بھی خود بخود چھوٹ گئیں، میں حیران ہوں کے یہ سب کچھ کیسے ہوگیا۔ کچن میں کام کرتے ہوئے میری کمر میں اور میرے سر میں درد ہوتا تھا اللہ کا شکر ہے ''روحانی غسل'' سے سر اور کمر کا درد اب بالکل نہیں ہے (ے۔ن)

خودکشی کا ارادہ ملتوی....!

عرصہ سے ذہنی دباؤ نے مسکراہٹ چھین لی تھی، خوشی تو جیسے روٹھ ہی گئی ہو۔ اسٹریس اس قدر تھا کہ زہر (چوہے مارنے والی گولیاں) آگے رکھ کر ساری رات روتی تھی کہ کھالوں اور مر

جاؤں ۔مگر آخرت میں جواب دینے کی فکر سے کہ اپنے رب کو
کیا منہ دکھاؤں گی، اپنا ارادہ ملتوی کر دیتی پھر ''روحانی غسل''
شروع کیا تو جیسے خوشیوں اور راحتوں نے میرے گھر کے
دروازے دیکھ لئے ہوں ۔آپ کے بیانات سننے سے جینے کی
نئی امید پیدا ہو گئی، خط و کتابت کے سلسلے نے میرے اندر
خوشیوں کی لہریں پیدا کر دیں ہیں (ف ۔خ)

شوہر کے ہاتھوں ستائی ہوئی

آپ کے بتائے ہوئے وظائف سے بہت لوگوں کو
فائدہ ہوتا ہے ۔ایک عورت کا خاوند اس کو بہت مارتا تھا، بری
طرح سے تنگ کر رکھا تھا روز روز کی لڑائی زِچ کر دینے والے
طعنوں سے وہ بہت پریشان تھی ۔میں نے اس کو ''روحانی غسل''
کا بتایا تو اس نے پابندی سے کرنا شروع کر دیا بس کچھ ہی دفعہ
کے عمل سے الحمدللہ! اب اس کا خاوند ٹھیک ہو گیا ہے اس کو

بالکل نہیں مارتا۔ اللہ کے نام کی برکت سے اس کا مسئلہ حل ہوگیا ہے۔(ت۔ف)

جلدی امراض کیلئے طاقتور عمل

محترم حکیم صاحب! میں بچپن سے ہی جلدی امراض میں مبتلا تھی، بہت ڈاکٹروں سے علاج کرایا، ڈاکٹروں کے مطابق میرے خون میں خرابی ہے۔

جس کی وجہ سے چھ چھ ماہ تک مسلسل کڑوی ادویات کھاتی رہی، لیکن مجھے ان امراض سے نجات نہ ملی، میرے چہرے پر بہت زیادہ دانے تھے اور ان میں پیپ بھری رہتی تھی، جب ان سے پیپ نکالتی تو وہاں سیاہ دھبے بن جاتے جو بہت ہی بدنما لگتے تھے، میں گھر میں بھی اپنی بہنوں اور کزنز سے منہ چھپا کر رکھتی تھی، ہر وقت احساس کمتری کا شکار رہتی تھی اور چھپ چھپ کر روتی رہتی تھی۔

ہمارے گھر میں پچھلے تقریباً پانچ ماہ سے ''ماہنامہ عبقری'' مسلسل آرہا ہے ،ایک دفعہ ''عبقری'' کے شمارے میں مجالس مجذوبی کے نام سے آرٹیکل لکھا ہوا تھا، جس میں کسی نے ''روحانی غسل'' کے بارے میں بتایا تھا کہ اس کو''روحانی غسل'' کی وجہ سے بیماری سے نجات ملی ۔میں نے بھی کیا اس سے میرا ابھی اہم مسئلہ حل ہوگیا۔(م۔ھ)

ڈینگی بخار کا خاتمہ

میرا ڈیڑھ سال کا بیٹا ہے اس کو ڈینگی فیور ہوگیا تھا۔میں نے فوراً اپنے بچے کی طرف سے ''روحانی غسل'' ہر گھنٹے بعد کیا، ''سورۃ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان والا عمل'' کیا اور صرف 2 دن میں میرا بچہ ڈینگی بخار کے شکنجے سے آزاد ہوگیا وہ بچہ اب بالکل ٹھیک ہوگیا ہے۔(محمد حسن ہاشمی صاحب)

اللہ کا تعلق مل گیا

ایک لڑکے سے فون پر باتیں کرتی تھی۔ ساری ساری رات باتیں کرتی، ماں باپ کی نافرمانی کرتی تھی، امی ابو بہت منع کرتے تھے اس لڑکے سے بات کرنے سے لیکن میری سُوئی وہاں ہی اٹکی رہتی میں نہ مانتی تھی۔ گناہ پر گناہ کیے جارہی تھی اور گناہگار بنتی جارہی تھی۔ آپ کے بتائے ہوئے ''روحانی غسل'' کے عمل سے اللہ کا ایسا تعلق ملتا ہے کہ انسان گناہوں سے مکمل پاک ہوجاتا ہے۔ میں نے عمل کیا، بس....! اس عمل کے کرنے سے وہ لڑکا چُھوٹ گیا اور.... اللہ مل گیا۔ سکون آگیا، چین آگیا، مزہ آگیا....! اور واقعی... مزہ آگیا......! یہ بات آپ اپنے درس میں ضرور شامل کرنا کہ ''روحانی غسل'' سے گناہوں سے چھٹکارہ مل گیا۔ (ن۔م۔س)

دانتوں کی تکلیف ختم

''روحانی غسل'' سے چھوٹی بیٹی کے دانتوں کا مسئلہ حل ہوگیا۔ اسے دانتوں کی تکلیف رہتی تھی ''روحانی غسل'' سے اس کے دانتوں کی تکلیف بھی دور ہوگئی اور اس کے منہ کی بدبو جو تکلیف کی وجہ سے آتی تھی وہ بھی دور ہوگئی۔ اس کے علاوہ بیٹے کے سر میں خشکی بہت تھی ''روحانی غسل'' کی برکت وہ ختم ہوگئی، مجھے بہت پرانی ایک تکلیف تھی....! مارکیٹ جاتی تھی تو آدھا کام چھوڑ کر واپس آجاتی تھی۔ اللہ کا شکر ہے کہ ''روحانی غسل'' سے یہ تکلیف بھی دور ہوگئی۔ تین گھونٹ پانی سے ہر قسم کی چھوٹی بڑی تکلیفیں دور ہوجاتی ہیں۔

ایک رات دو دن پہلے بیعت کارڈ کی تسبیح پڑھ کر سوئی تو خواب میں صاف ستھرے آسمان پر چاند اور ستارے چمکتے ہوئے دیکھے۔ بس...! اللہ آپ کو سلامت رکھے اور ہزاروں

خوشیاں دے۔آپ لوگوں کے درد دور کرنے کا سبب بن رہے ہیں اللہ پاک آپ کے تمام درد دور کرے گا۔انشاءاللہ

(روزینہ خان)

ٹانگوں کا شدید درد ختم

میری ٹانگوں میں شدید درد رہتا تھا اور جلن بھی بہت تھی۔بچوں سے دبواتی تھی، اتنا درد ہوتا کہ ہلا ہی نہ جاتا تھا پھر ایک دم خیال آیا کہ ''روحانی غسل'' کروں۔مجھے پتہ ہی نہ چلا میں باتھ روم میں بیٹھی بیٹھی ہی ہلکی پھلکی ہوگئی۔(والدہ جنید)

شادی کا مسئلہ حل

میری ایک دوست روبینہ بہت ہی دکھی اور پریشان تھی، وہ یتیم ہے میرے ساتھ اسکول میں ہی پڑھاتی تھی، وہ دو بہنیں ہیں۔ چھوٹی بہن کی شادی پہلے ہوگئی تھی اور اب دو بچے بھی ہوگئے ہیں لیکن روبینہ کی شادی کا مسئلہ حل نہ ہوا، کبھی ان کی طرف سے نہ

تو کبھی لڑکے والوں کی طرف سے منع ہو جاتا، کہ لڑکی موٹی ہے، وغیرہ وغیرہ۔

میں نے درس سے **''روحانی غسل''** کا سنا تھا۔ اسے **''روحانی غسل''** کرنے کو کہا اس نے **''روحانی غسل''** دن میں کئی بار کیا پھر اس نے بتایا کہ خواب میں عجیب چیزیں دیکھتی ہوں پھر میں نے اس سے کہا کہ آپ کو خط لکھے، اس نے آپ کو خط لکھا، آپ نے اسے عمل کے کرنے پر زور دیا، اور کچھ پڑھنے کو دیا، وہ اس نے ایک مہینہ تک کیا۔ خیر **''روحانی غسل''** کی برکت سے اللہ کی رحمت متوجہ ہوئی اور جھٹ منگنی پٹ بیاہ ہوا اور اتنا پیارا اس کو دولہا ملا...! صرف اعمال اور اللہ کے کلام کی وجہ سے اس کی پریشانیاں دور ہوئیں، آپ نے اس کو صحیح گائیڈ لائن دی، اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ آمین۔

(صنوبر اقبال، لاہور)

بچے بیمار نہیں ہوئے.....!

میرا نام خالد محمود اعوان ہے، میں کراچی میں رہتا ہوں حضرت ''روحانی غسل'' کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ پہلے ہر سال شروع سردیوں میں میرے بچے بیمار ہو جاتے تھے پھر ان کو میں نے ''روحانی غسل'' کروایا اور الحمدللہ! اس سال وہ سردیوں میں بیمار نہیں ہوئے۔ **(خالد محمود اعوان، کراچی)**

چھڑی چھوٹ گئی.....!

میں واپڈا ایمپلائی ہوں، مجھے گیارہ ہزار وولٹیج کا کرنٹ لگا تھا.....! اور میں چھڑی کے بغیر نہیں چل سکتا تھا۔ میں مکمل طور پر چھڑی کا محتاج ہو کر رہ گیا تھا میں نے ''روحانی غسل'' کے بارے میں کسی سے سن رکھا تھا، تو میں نے سوچا..... چلو میں بھی آزما کر دیکھتا ہوں۔ میں نے بھی ''روحانی غسل'' کیا، اور جیسے ہی باہر آیا، میرا چھڑی

پکڑنے کو دل ہی نہ چاہا، میں حیران رہ گیا میں تو کبھی سوچ
بھی نہیں سکتا تھا کہ میں بغیر چھڑی کے چل سکوں گا اور اب
بغیر چھڑی کے بالکل نارمل انداز میں چل پھر رہا ہوں۔

10 سالہ نزلے اور کیرے سے نجات

میلسی میں ہمارے ایک دوست ہیں، جن کی کپڑے کی
دکان ہے انہیں تقریباً دس سال سے نزلے کا مسئلہ تھا اور ان کو کیرا
گرتا تھا انہوں نے کافی ڈاکٹروں، حکیموں سے علاج کروایا لیکن
فائدہ نہ ہوا۔ میں نے انہیں ''روحانی غسل'' کا طریقہ سکھایا۔
صرف چار دن انہوں نے ''روحانی غسل'' کیا اور پانچویں دن
بتانے لگے کہ الحمدللہ! ایسے لگتا ہے جیسے میں بالکل ٹھیک ہو گیا
ہوں۔(ج۔ر)

گرتے platlets کا شافی علاج

میری بیٹی کے platlets بتیس رہ گئے تھے، میں نے

بیٹی کو ''روحانی غسل'' کروایا اور حکیم صاحب کے پاس سے جو صابن ملتا ہے ،اُس سے اسے نہلا دیا ،رات کو جب اُس کا test کروایا تو 140Plaltleh ہو گئے ۔(حسنین ،لاہور)

گالیوں کی عادت ختم

میرے خالو اپنے بچوں کو بہت گالیاں دیتے تھے میں نے اپنی خالہ سے کہا کہ آپ ''روحانی غسل'' کا عمل اس نیت سے شروع کریں کہ خالو کی گالیوں کی عادت چھوٹ جائے۔خالہ نے ''روحانی غسل'' اس نیت سے کیا۔اب وہ ایک بہت بہترین انسان بن گئے ہیں اور اب نماز بھی پڑھتے ہیں ۔(م۔ج)

پرانی الرجی کا خاتمہ

میری اہلیہ کو جسم پر بہت پرانی الرجی تھی۔جس سے جسم خشک اور اُدھڑ جاتا تھا۔حضرت جی! سے ''روحانی غسل'' کا سنا

میری اہلیہ نے ''روحانی غسل'' پہلی مرتبہ کرنا شروع کیا پہلے ہی غسل میں 70 فیصد شفایابی ہو چکی ہے اور اس کی وہ شدت بھی نہیں رہی الحمدللہ! ''روحانی غسل'' کی بدولت پرانی الرجی سے نجات مل گئی۔ (خرم صاحب)

خودکشی کو دل چاہتا تھا

حضرت صاحب! مجھے خودکشی کے خیالات آتے ہیں، میں حساس ادارے کا ملازم ہوں، یہ 5 سال قبل کی بات ہے کہ شادی سے ایک مہینہ قبل میری نیند ختم ہوگئی تھی۔ مجھے سمجھ نہیں آتی تھی کہ میرے ساتھ کیا معاملہ ہے...؟ شادی کے روز بھی ایسا رہا...! ولیمے والے دن میں ایسا تھا جیسے زندہ لاش ہوتی ہے۔ میرے کزن مجھے اٹھا کر شادی ہال لے گئے تھے، مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ یہ سب کیا ہے...؟ میں نماز بھی پڑھتا ہوں اور درود شریف کی تسبیح بھی کرتا ہوں۔

میں پچھلے 3 سال سے ہر رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف

بھیج کر سوتا تھا پھر میں عاملوں کے ہتھے چڑھ گیا، انہوں نے کہا:

تمہاری ساس نے کروایا ہے، تمہاری بیوی نے کروایا ہے، لڑائی

جھگڑے شروع ہو گئے، میری بیوی نے کہا کہ کیا کوئی بیوی

چاہے گی کہ اس کا خاوند خودکشی کر لے اور وہ بیوہ ہو جائے...؟ یا

کیا کوئی ساس یہ چاہے گی کہ اس کی بیٹی بیوہ ہو جائے...؟ پھر

میں اپنے اِدارے کی معرفت سائیکالوجسٹ کے پاس گیا

اُنہوں نے کہا کہ یہ ایسی بیماری ہے جس سے دماغی خلیے متاثر

ہو جاتے ہیں جسے (Mental Disorder) کہتے ہیں اس کا

جنات سے کوئی تعلق نہیں ۔ میں کوئٹہ میں ڈیڑھ ماہ زیرِ علاج رہا

ڈاکٹر بھی حیران تھے....! کہ کوئی بھی دوائی کیوں اثر نہیں

کرتی...؟ انہوں نے کہا تمہارا میڈیکل بورڈ ہو گا اور تم اس

نوکری کے قابل نہیں رہو گے۔ میں نے سوچا.... خودکشی کرلوں
پھر سوچا کہ حدیث کے مطابق قیامت تک قبر میں جلتا رہوں گا۔
میں مسلسل ادویات بھی کھا رہا تھا۔ میرا ایک دوست تھا،
اس کی بیوی کو درس میں آنے کی برکت سے شفاء ملی تھی، اس
نے مجھے درس کا بتایا تھا، مجھے ماہر نفسیات ڈاکٹر کہتے تھے، یہ
جنات نہیں ہیں یہ صرف (Mental Disorder) ہے۔
کیونکہ میرے چھوٹے بھائی کو بھی ہے یہ موروثی بیماری ہے۔ آپ
کے پاس آنے سے قبل کئی عامل بھی جواب دے چکے تھے اور کہتے
تھے، تم وہمی ہو۔ لیکن آپ نے "روحانی غسل" بتایا۔ میں نے مسلسل
کیا، جس سے میں صحت یاب ہو چکا ہوں۔

(محبوب حسین صاحب، ملازم شعبہ پولیس)

﴿روحانی غسل﴾

صحت وعافیت اور پرسکون زندگی کو بحال رکھنا اور بیماری لاحق ہونے پر اس سے چھٹکارا حاصل کرنا انسانی فطرت کا اہم تقاضا ہے، انسان کو لاحق ہونے والے امراض دونوں ہی طرح کے ہیں روحانی وجسمانی اور ان دونوں کا شافی علاج قرآن مقدس اور احادیث مبارکہ میں ہے جیسا کہ خداوند عالم کا فرمان ہے

"وننزل من القرآن ماهو شفاء ورحمة للمومنين"

یعنی ہم نے جو قرآن نازل کیا ہے اس میں (جسمانی وروحانی) بیماریوں کے لیے شفاء ہے اور اہل ایمان کے لیے سراپا رحمت ہے۔ ﴿سورہ بنی اسرائیل ۸۲﴾

اسلام پاکیزہ مذہب ہے اور نظافت اور صفائی ستھرائی کو پسند کرتا ہے اسی لیے نماز پنجگانہ کے ساتھ وضوء کا حکم دیا اور وضوء میں ان اعضاء کو دھونے کا حکم دیا گیا جو بار بار غبار آلود ہوتے ہیں اور جن میں میل وکچیل زیادہ لگتا ہے، پھر ہفتہ میں کم از کم ایک بار غسل کو سنت قرار دیا گیا تاکہ پورا جسم صاف ستھرا ہو جائے۔ اولیاء کرام کا حیرت انگیز **"روحانی غسل"** ایسا مجرب عمل ہے جس میں اللہ کا فرمان بھی ہے یعنی قرآنی آیات اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ بھی یعنی سنت کے مطابق غسل کرنا اسی وجہ سے یہ ہر قسم کی بیماری اور پریشانی کے لیے ایک تیر بے خطا اور آزمودہ عمل ہے، ہزاروں نے آزمایا آپ بھی یقین کی قوت کے ساتھ کریں اللہ پاک اس عمل کو ضرور قبول فرماتے ہیں جس میں یقین کی طاقت ہو۔

غسل کے فرائض

غسل کے تین فرض ہیں: ﴿1﴾ کلی کرنا ﴿2﴾ ناک میں پانی ڈالنا اسطرح کہ نرم حصہ تک پہنچ جائے ﴿3﴾ تمام بدن پر ایک دفعہ پانی بہانا کہ جسم کا کوئی حصہ خشک نہ رہے۔

غسل کی سنتیں

غسل کی پانچ سنتیں ہیں: ﴿1﴾ دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا ﴿2﴾ استنجا کرنا اور جس جگہ بدن پر نجاست لگی ہوا سے دھونا ﴿3﴾ ناپاکی دور کرنے کی نیت کرنا ﴿4﴾ غسل سے پہلے وضو کرنا ﴿5﴾ تمام بدن پر تین دفعہ پانی بہانا۔

غسل کا مسنون طریقہ

غسل کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ پہلے دونوں ہاتھوں کو گٹوں (کلائیوں) تک دھوئے اسکے بعد استنجا کرے اور بدن پر اگر کوئی نجاست لگی ہوتو اسکو دور کرے پھر مکمل وضوء کرے اسکے

بعد تین مرتبہ اپنے سر پر اسکے بعد تین مرتبہ دائیں کندھے پر اور آخر میں بائیں کندھے پر اسطرح پانی ڈالے کہ سارے جسم پر پانی بہہ جائے۔

طریقہ روحانی غسل

"روحانی غسل" کا طریقہ یہ ہے کہ آخری چھ سورتیں مع تسمیہ اول و آخر 3 دفعہ درود شریف کے ساتھ تین مرتبہ پڑھیں اور اسکے بعد بیت الخلاء کی دعا: "بِسْمِ اللّٰهِ" "اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ"

پڑھ کر بایاں پاؤں غسل خانے (wash room) میں رکھ کر اندر چلے جائیں، پہلے ذکر کیئے گئے طریقے کے مطابق مسنون غسل کریں، نہاتے وقت یہ دعا دل ہی دل میں مسلسل پڑھتے رہیں، زبان سے بالکل نہ پڑھیں اور اپنی ہر بیماری اور

پریشانی کا تصور کرتے رہیں کہ وہ بھی اس پانی کے ساتھ ڈھل رہی ہیں اور اس کے بعد جب باہر آئیں تو سیدھا پاؤں باہر رکھیں اور پھر اسی ترتیب سے آخری چھ سورتیں پڑھیں جیسے پہلے پڑھیں تھیں۔

﴿نوٹ﴾: غسل جنابت کی صورت میں نہانے سے پہلے چھ سورتیں نہ پڑھیں بلکہ نہانے کے بعد جب باہر آجائیں تو بعد میں پڑھ لیں۔

﴿اہم بات﴾

یادرہے بیت الخلاء کی دعا بیت الخلاء کے اندر زبان سے بالکل نہیں پڑھنی بلکہ دل ہی دل میں پڑھنی ہے۔

(آپ کے مسائل اور ان کا حل ج،۲ص۸۰۔ بہشتی زیور، حصہ دوئم ص۸۳)

آخری چھ سورتیں

سورۂ کافرون

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

سورۂ نصر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

سورۂ لہب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ
وَمَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ
حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

سورۂ اخلاص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ
يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

سورۂ فلق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ o مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ o وَمِنْ
شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ o وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ o
وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ o

سورۂ الناس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ o مَلِكِ النَّاسِ o اِلٰهِ النَّاسِ o
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ o الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ
صُدُوْرِ النَّاسِ o مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ o

دل نورانی کرنے کا عمل

جو شخص رات کو سونے سے پہلے بستر پر آنے کے بعد دل پر دایاں ہاتھ رکھ کر گیارہ مرتبہ "یا بَاعِثُ یَا نُوْرُ" اول و آخر تین مرتبہ درود پڑھ لے تو اس کو دل کی دنیا کی عجیب و غریب برکات حاصل ہوں اور یہ پانچ برکات خصوصی طور پر حاصل ہوں گی:

(۱) اسکے دل کو اللہ پاک نورانی کر دیں گے۔

(۲) اللہ پاک ایسے شخص کو مرتے وقت کلمہ نصیب کریں گے۔

(۳) ایسے شخص کو اللہ پاک کی طرف سے کشف کی اعلیٰ ترین کیفیات دی جائیں گی۔

(۴) ایسے شخص کو اللہ کی طرف سے اعمال کی لذّت اور اعمال کی نہایت ہی کیفیات نصیب ہوں گی۔

(۵) اس عمل کو کرنے والے کے دل کو اللہ پاک موت نہیں دیتے یعنی اسکا دل ذکر قلبی اور وقوف قلبی کا مصداق بن جاتا ہے۔

ڈلیوری نظام میں آسانی اور اولادِ نرینہ کا عمل

حمل کے تیسرے مہینے میں جب دس دن باقی رہ جائیں تو (بیٹے کے خواہشمند) دو رکعت نمازِ توبہ پڑھ کر سات مرتبہ سورہ یٰسٓ اور ولادت میں سہولت کے لیے تین مرتبہ ''سورۂ یٰسٓ'' اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد اتنی ہی دیر دعا مانگیں جتنی دیر اس عمل یعنی سورہ یٰسٓ پڑھنے میں لگی ہے۔ اور چالیس دن مستقل یہ عمل جاری رکھیں۔ اور اگر چار مہینے کا حمل گزر جانے کے بعد تین مرتبہ سورہ یٰسٓ والے عمل کو پانچ نیتوں کے ساتھ جاری رکھا جائے تو اللہ کے فضل و کرم سے آپ کو یہ پانچ انعامات حاصل ہوں گے:

(۱) پہلی نیت یہ کی جائے کہ یا اللہ! بچے کی ولادت کو آسان فرمادے تو اللہ کے فضل سے بچہ کی بغیر آپریشن کے بہت عافیت کے ساتھ ولادت ہو۔

(۲) دوسری نیت یہ کی جائے یا اللہ! اس بچے کو بد بختی سے بچا تو اللہ

کے کرم اور عنایت سے یہ بچہ نہایت ہی سعید و کامران ہو گا

(۳) تیسری نیت یہ کی جائے یا اللہ! اس بچے کو فقر اور تنگدستی سے بچا تو اللہ کی رحمت سے یہ بچہ ساری زندگی غنی اور سخی رہے گا۔

(۴) چوتھی نیت یہ کی جائے یا اللہ! اس بچے کو والدین کا فرمانبردار بنا تو محض اللہ کی عطا سے یہ بچہ اپنے والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک اور راحت کا سبب بنے گا۔

(۵) پانچویں اور سب سے اہم یہ نیت کی جائے یا اللہ! اسکا خاتمہ ایمان پر فرما تو اللہ کی شانِ کریمی کی بدولت یہ بچہ اس دنیا سے حالت ایمان میں ہی رخصت ہو گا۔

گویا اس عمل کی برکت سے دنیا اور آخرت کی نعمتیں والدین اپنے بچے کے حق میں قبول کروالیتے ہیں۔ کسی بھی ناممکن کو ممکن کرنے اور تنگی میں راحت کے لیے یہ عمل انتہائی زود اثر ہے (انشاء اللہ العزیز)

نوٹ: جومردوخواتین دیکھ کرقرآن پاک نہ پڑھ سکتے ہوں تووہ سات سومرتبہ صرف لفظ یٰسٓ اوراول وآخرسات دفعہ درودشریف پڑھ لیں تو انشاء اللہ ان کو بھی یہی برکات حاصل ہوں گی۔

سورہ یٰسٓ کے دیگرعملیات اورکمالات جاننے کیلئے ادارہ عبقری کے شائع کردہ تین خصوصی بیانات سماعت فرمائیے اور''سورہ یٰسٓ کے کرشمات'' کتاب کا مطالعہ فرمائیے۔

سنت کی اہمیت وفضیلت

میرے مرشد حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمہ اللہ فرماتے تھے:

دنیا کے بڑے بڑے وظیفوں والی کتابیں اورتعویذ جیب میں برکت کے لئے رکھ لوان کی برکت ایک طرف اورمسواک کی سنت ایک طرف کیونکہ اسکی نسبت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہے اور پھر تاکید کر کے فرمایا کہ سنت کوئی عام چیز نہیں ارے اللہ والو! کیا میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت کوئی عام چیز ہے....؟

بیت الخلاء کی دعا کا مفہوم

بیت الخلاء کی دعا کا مفہوم یہ ہے خداوند! جس طرح تو نے میرے اندر یہ طبعی تقاضا پیدا کر دیا ہے کہ میں اپنے اندر کی ناپاکیوں اور غلاظتوں کو اس طرح باہر نکال دوں۔ ایسی زوردار فطرت اور نیکی و بدی کا احساس میرے اندر پیدا کر دے کہ میں روحانی و اخلاقی نجاستوں کو اپنے اندر سے نکال پھینکوں۔ میرا باطن ہر طرح پاک صاف ہو جائے اور میری روحانیت کو نقصان دینے والی چیزیں مجھ سے دور ہو جائیں۔

(نماز کی کتاب۔ تالیف مولانا نذیر الحق رحمہ اللہ شاہی مسجد فتحپوری۔ ادارہ القاسم لاہور)

بیت الخلاء شیاطین کے ٹھکانے

ایک مومن کی شان یہ ہے کہ وہ پل بھر کیلئے بھی اپنے پیدا کرنے والے سے غافل نہ ہو، اسی لیے صوفیائے کرام کے یہاں وقوف قلبی کی اصطلاح مقرر ہوئی۔ احادیث کے مطابق ''بیت الخلاء وہ جگہیں ہیں جہاں جنات بکثرت آتے ہیں'' جنات وہاں اپنا ٹھکانہ بنائے رکھتے ہیں اور اس بات کا انتظار کرتے رہتے ہیں کہ کب کوئی شخص یہاں آئے اور وہ اس کو تکلیف پہنچائیں اور فساد ڈالیں۔

(مسائل رفعت قاسمی ج ا ص 162 از مولانا رفعت قاسمی مدرس دار العلوم۔ ادارہ مکتبۃ العلم)

ان ہی شیطانی حملوں سے بچنے کا بہترین مورچہ مسنون دعا ہے اب کیونکہ بیت الخلاء میں دعا زبان سے بالکل نہیں پڑھنی لہذا بیت الخلاء کی غفلت سے بچنے کیلئے وقوف قلبی اور ذکر قلبی کے پیش نظر صرف دل ہی دل میں اس دعا کا خیال کرتے رہیں۔ زبان سے بالکل ہی نہ پڑھیں۔ فقہائے کرام نے بھی بیت الخلاء میں ذکر قلبی کی اجازت دی ہے۔

(فتاوی ھندیہ ج ا ص ۵۰ بحوالہ قاموس الفقہ ج ۲ ص ۱۳۰)

(فتاوی عالمگیری ج ا ص ۲۵۴)

تحفہ شفاء

روحانی غسل ایک ایسا عمل...... جس نے سنا وہ چونک گیا جس نے کیا وہ پا گیا......! صرف پندرہ منٹ کا روحانی غسل کرنے سے لوگوں کی من کی مرادیں پوری ہوگئیں۔ سالوں سے رکے ہوئے کام پورے ہوگئے۔ اس کتاب کو پڑھیں......! سب سے منفرد......! روحانی غسل آپ کریں......! نیت کسی اور کی ہو......! پھر بھی فائدہ......! واہ جی سبحان اللہ......!

مزید ناقابلِ یقین مشاہدات وتجربات جاننے کیلئے کتاب مجالس مجذوبی حصہ اول ودوم کا مطالعہ فرمائیں۔

پتہ: دفتر ماہنامہ عبقری مرکز روحانیت وامن 78/3 عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور۔

فون نمبر: 042-37552384-0332-4688313

دنیا بھر میں براہ راست درس سننے کیلئے www.ubqari.org